© rasailojaraid.com

# اسلام کی حکمتِ تعلیم و تربیت

## چند بنیادی خطوط

(سورۃ لقمان کی روشنی میں)

جناب ابو السلام نعیم صدیقی صاحب

نظام تعلیم کو اپنی ملی ضروریات کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کا احساس بڑی سرعت سے اُبھر رہا ہے۔ پاکستان میں ہر سوچنے والا دماغ اس امر کو شدت کے ساتھ محسوس کرتا ہے کہ نئی نسلوں کی تعلیم و تربیت کا جو نظام اس "خطۂ پاک" میں موجود ہے وہ ہمارے قومی تقاضوں کو پورا نہیں کر سکتا۔ رائج الوقت نظام تعلیم ہماری غلامی کی یادگار ہے اور یہ اس استعماری ذہن کی کرشمہ سازی ہے جس نے صرف اپنے سامراجی عزائم کی تکمیل کے لیے اسے "غلام آباد" میں پروان چڑھایا۔ اس کے پیش نظر نہ تو انسانی عقل و فکر کو ترقی دینا تھا اور نہ ہی نئی نسلوں کے اخلاق سنوارنا۔ بلکہ اس کے سامنے صرف دو مقاصد تھے، ایک تو یہ کہ اس ملک کی نئی نسل کی اس طریق سے تربیت کی جائے کہ وہ رنگ اور خون کے اعتبار سے تو ہندوستانی ہو مگر فکر و نظر کے لحاظ سے خالص انگریز ہو۔ دوسرے وہ انگریزی سامراج کے استحکام کے لیے بہترین کارکن مہیا کرے۔ اب جبکہ ہمیں اللہ تعالیٰ نے آزادی عطا کی ہے تو ہمارا فرض ہے کہ "اسلام کی اس تجربہ گاہ" میں اسلامی نظام تعلیم کو رواج دیں۔

کسی نظامِ تعلیم کو ترتیب دینے سے پہلے سب سے ضروری چیز یہ دیکھی جاتی ہے کہ اُس کے پیش نظر کونسے مقاصد ہیں۔ انہی مقاصد کی صحیح نشاندہی برادر محترم جناب ابو السلام نعیم صدیقی صاحب نے اس بیش قیمت مقالہ میں کی ہے۔ خدا کرے کہ نعیم صاحب کے یہ ارشادات ملک کے تعلیم دانوں سے "خراجِ توجہ" حاصل کر سکیں اور وہ ملک کی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


تعلیمی منصوبہ بندی میں قرآن و سنت کو مشعلِ راہ بنائیں ــــ ادارہ ]

---

پورا قرآن نصیحت ہے، پورا قرآن انسان کی تعلیم و تربیت کے لیے ہے اور پورے قرآن میں وہ اصولِ، مقاصد اور خطوطِ کار پھیلے ہوئے ہیں جن پر اسلامی معاشرہ کا نظامِ تعلیم استوار ہونا چاہیے۔ اور پھر نبی اکرمؐ نے مدینہ کی اسلامی ریاست میں قرآن کے منشا کے مطابق بچوں، بالغوں، عورتوں اور قائدینِ عوام کی تعلیم و تربیت کا جو ہمہ گیر نظام عملاً چلایا اور عوام کی ذہنی و اخلاقی تعمیر کے لیے جن اداروں کے نقوشِ اولین قائم کیے، اس پورے کام کو ــــ قرآن کے نکات کی اس جامع عملی توضیح و تفسیر کو ــــ زیرِ غور لائے بغیر اسلام کی حکمتِ تعلیم کو سمجھا جا سکتا ہے اور نہ اس حکمت کے مطابق کوئی تعلیمی منصوبہ عمل میں لایا جا سکتا ہے۔ قرآن، اسوۂ رسالت اور قرآن کے مطابق برسرِ عمل آنے والے نظام کا تفصیلی و تحقیقی جائزہ لے کر اسلامی حکمتِ تعلیم کو قلمبند کرنے کے لیے تو بڑا وقت درکار ہے۔ فی الوقت پیشِ نظر یہ ہے کہ ہم اسلامی حکمتِ تعلیم کی ایک جھلک دیکھ سکیں۔

قرآن میں زندگی کے جو حقائق مذکور ہیں وہ ایک طرف تو پورے قرآن میں پھیلے ہوئے ملتے ہیں اور دوسری طرف بعض خاص مقامات ایسے ملتے ہیں جہاں کسی ایک حقیقت کو اجمال اور جامعیت سے یکجا بیان کر دیا جاتا ہے۔ حکمتِ تعلیم و تربیت کی کاوش میں پڑ کر جب ہم قرآن کھولتے ہیں تو سورۂ لقمٰن ہم سے خصوصی توجہ کا خراج وصول کرتی ہے۔ سورۂ لقمان تمام تر نصیحت ہے اور از اوّل تا آخر حکمتِ تعلیم و تربیت کا آئینہ دار! اسی سورہ کے مطالب پر ہم اپنے تعلیمی تصوّرات کی بنیاد رکھ سکتے ہیں۔ یہ ہمارے فلسفۂ تعلیم کا سورہ ہے۔ یہ بتاتا ہے کہ گھروں میں ہم اولادوں کو کس نقشے پر اٹھائیں، درس گاہوں کا نظام کن بنیادوں پر کھڑا کریں، اور کس ذہن و کردار کا انسان اپنے ہاں تعمیر کریں۔

**اسلام کا انسانِ مطلوب** | آئیے سب سے پہلے ہم اس سورہ کے آئینہ میں اسلام کے انسانِ مطلوب کی ایک جھلک دیکھیں۔ سورہ کے دیباچہ ہی میں انسانیت کے اس بہترین کردار کا ذکر موجود ہے جسے ظہور دینے کے لیے الہامی حکمت تقاضا کرتی ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ یہ کتابِ حکیم کی آیات ہیں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اور ان آیات میں جو ہدایت و رہنمائی ہے اور اس ہدایت و رہنمائی میں جو رحمت مضمر ہے وہ صرف اُن لوگوں کے لیے ہے جو احسان کیش ہوں۔ قرآن کا نظامِ فکر و عمل صرف محسنین کے ذریعے چل سکتا ہے اور یہ نظام اسی طرز کے قائدین و کارکن مانگتا ہے (آیات ۱ تا ۳)۔ ان کے نقشۂ زندگی کے چند اہم آثار بھی بیان کر دیئے کہ:۔

— وہ نماز قائم کرنے والے ہوں،

— وہ زکوٰۃ دینے والے ہوں،

— وہ آخرت کو پیشِ نظر رکھنے والے ہوں۔ (آیت ۴)

بیان کی نوعیت احاطہ و احصار کی نہیں بلکہ مدعا یہ ہے کہ ان ناگزیر اوصاف کے بغیر احسان کیش کردار پیدا نہیں ہو سکتا۔ ایسے ہی لوگ ہیں جو اپنے رب کے دیئے ہوئے نظامِ ہدایت پر چل سکتے ہیں اور ایسے ہی لوگ فلاح پانے والے ہیں (آیت ۵)

واضح رہے کہ محسن یا احسان کیش کا مفہوم اسلامی اصطلاح میں یہ ہے کہ آدمی اپنے ہر خیال، عمل اور سرگرمی میں حُسن و خوبی پیدا کرنے کا اہتمام کرے اور اپنی ساری کی ساری زندگی کو حسنِ اعتقاد اور حُسنِ کردار سے آراستہ کرے۔ پھر بات انفرادی اور نجی زندگی تک محدود نہیں ہے بلکہ مطلوب یہ ہے کہ ہمارا پورے کا پورا تمدنی نظام، اس کے سارے شعبے اور ادارے اور ہماری جملہ اجتماعی سرگرمیاں حسین ترین پیرایہ رکھتی ہوں۔ یعنی اسلام حُسنِ فکر اور حُسنِ عمل کا ایک مکمل نظام مانگتا ہے۔ وہی چیز جسے دوسری جگہ حیاتِ طیبہ کہا گیا ہے۔ ایسے انسانی کردار اور ایسے نظامِ تمدن کے ذریعے ہی انسان کو فلاح حاصل ہوتی ہے۔ زندگی اپنے تقاضوں کو صحیح طور سے پورا کرتی ہے اور انسانیت اپنے فطری مقاصد تک پہنچتی ہے۔ فلاح! — اس دنیا میں بھی اور فلاح آخرت میں بھی۔ اس دنیا میں "حیاتِ طیبہ" کا حصول بجائے خود فلاح کی آخری شکل ہے اور یہی حیاتِ طیبہ اخروی فلاح کی ضامن ہوتی ہے۔

گویا ہمارے نظامِ تعلیم کا منتہا ایسے احسان کیش کرداروں کی تشکیل ہے جو نماز، زکوٰۃ اور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

فکرِ آخرت کے اوصاف کو بنیاد بنا کر حیاتِ طیبہ پیدا کریں اور اپنی ذات سے لے کر بڑے بڑے تمدنی ادارات تک ساری زندگی کو سنوار دیں۔

**متقابل کا فاسد کردار** قرآن کا اسلوب بالعموم اضداد کو متقابلاً دکھانے کا ہے۔ اب جہاں انسانِ مطلوب کا نقشہ بیان ہوا، وہاں نامطلوب کردار کی بھی ایک جھلک دکھانی لازم تھی۔ مطلوب کردار تو وہ ہے جو مسلکِ احسان کا متلاشی ہے، جو حیاتِ طیبہ کے حصول کے لیے مضطرب رہتا ہے، جو ہدایتِ رب کو جاننا چاہتا ہے، جو اس کی آیات کی روشنی کا پیاسا ہے جو فلاح کی جستجو میں ہے، اور جس کے سامنے فوری مزے اور چسکے ہی نہیں ہیں بلکہ آخرت کے نتائج بھی ہیں۔

لیکن متقابل کا کردار وہ ہے جو "لھو الحدیث" کا شائق ہے۔ بے مقصد اور لاحاصل قسم کے قصے کہانیوں سے اسے رغبت ہوتی ہے۔ وہ زندگی کی حقیقتوں اور اس کے مسائل سے بھاگ کر یاوہ گی میں پناہ ڈھونڈتا ہے۔ اتنا ہی نہیں کہ خود پناہ ڈھونڈتا ہو بلکہ وہ تفریحی ادب کے افسوں کو کام میں لا کر دوسروں کو بھی خدا کی راہ سے ہٹا لے جانا چاہتا ہے، در آنحالیکہ اس کے پلّے کچھ بھی علمِ حقیقت نہیں ہوتا۔ اپنی جہالت کی وجہ سے وہ خدا کی راہ اور خدا کی ہدایت کا مذاق اڑاتا ہے، وہ عظیم اور اٹل حقائق کو تمسخر میں اڑا دینا چاہتا ہے۔ (آیت ۶)۔ اس کے سامنے جب اللہ کی کتابِ حکیم کی آیات پڑھی جاتی ہیں تو وہ اپنے نشۂ پندار میں بہک کر ان سے اس طرح روگردانی کرتا ہے گویا کہ اس نے کچھ سنا ہی نہیں، گویا کہ اس کے کان بہرے ہیں (آیت ۷)

ہمیں اپنے نظامِ تعلیم کی حکمت متعین کرتے ہوئے خوب صراحت سے طے کر لینا چاہیے کہ ہمیں اپنے ہاں اس طرز کے کردار کو پروان نہیں چڑھنے دینا ہے۔ خصوصاً علوم میں، ادب میں اور فنونِ لطیفہ میں ہمیں ان رجحانات کو نشوونما نہیں دینی ہے جن کا ماحصل لھو الحدیث ہو اور جن کی وجہ سے لھو الحدیث کا ذوق بڑھے۔ وہ تمام فضولیات جو فراریت پسندوں کی پناہ گاہ ہوں، جو راہِ حق سے ہٹانے والی ہوں، جو آیاتِ الٰہی کے لیے کانوں کو بہرہ کر دیں، جو خدا کے سامنے عبدیت کے بجائے استکبار کے مقام پر کھڑا کریں اور جن کی وجہ سے دلوں میں خدائی ہدایت کی تضحیک کا میلان پیدا ہو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

**عروۃ الوثقیٰ** | اپنے محدود علمِ قرآن کی روشنی میں میری ناقص رائے یہ ہے کہ سورۂ لقمان کی آیت نمبر ۲۲ مرکزی اہمیت رکھتی ہے اور یہی روحِ کلام ہے۔ پڑھیے:

"اور جس نے اللہ کی بارگاہ میں اپنا سرِ تسلیم خم کر دیا اور وہ احسان کیش بن گیا تو بس اُس نے ایک مضبوط رشتے کو تھام لیا . . . . الخ"

یہاں پھر "محسن" کی شان سامنے آتی ہے۔ کوئی شخص احسان کیش نہیں ہو سکتا اور زندگی کو حُسن و خوبی سے مالا مال نہیں کر سکتا جو اللہ کے وجود کی عظیم صداقت کو نہ تسلیم کرے اور اس کا حاکمانہ مقام پہچان کر اپنی باگ ڈور اس کے حوالے نہ کر دے۔ خدا سے یہ تعلق وہ مضبوط ترین رشتہ ہے جسے تھام لینے کے بعد زندگی تباہ کن ٹھوکروں سے بچ جاتی ہے، خیالات کی آوارگی و پریشانی، جذبات کی بے راہ روی اور اعمال کی بے ربطی کا پوری طرح ازالہ ہو جاتا ہے۔ حقیقت کے اس مرکزی نقطہ کے گرد فرد کی ساری قوتیں اور تمدن کی جملہ سرگرمیاں منظم و مرتب ہو جاتی ہیں اور تنظیم و ترتیب کے فقدان میں کوئی حُسن نہیں پیدا ہو سکتا۔

ایک صحیح نظامِ تعلیم کا کام یہ ہے کہ وہ انسانیت کو اس عروۃ الوثقیٰ تک لائے اور خدا پرستی کے رشتۂ محکم کو تھامنے کی صلاحیت دے۔ اسلامی نظامِ تعلیم کی یہ اساسی ذمہ داری ہے کہ وہ بندوں کو خدا کے سامنے سرِ تسلیم پوری طرح خم کر دینا اور خم کیے رکھنا سکھائے۔ یہ حالت اس استکبار کی عین ضد ہے جو آیت ۶ میں بیان ہوا۔

سورہ کی تمہید کے ساتھ مرکزی روحِ کلام کی آئینہ دار آیت کو ملا کر آپ دیکھ چکے۔ آئیے اب اُس مربوط ٹکڑے کو لیں جس میں چند اہم نکات تسلسل سے بیان ہوئے ہیں۔ اس ٹکڑے میں حضرت لقمان اپنے صاحبزادے کو — بلکہ یوں کہیے کہ نئی نسل کو — اساسیات کی تعلیم دیتے ہیں[1]۔ ہم ایک ایک نکتہ کو الگ الگ لیتے ہیں۔

---

[1] اس قدیم بحث کو ہم نہیں چھیڑنا چاہتے کہ حضرت لقمان نبی تھے یا حکیم۔ بہر حال وہ خدا پرست اور صاحبِ ایمان تھے اور انہوں نے بالکل اللہ تعالیٰ کی الہامی ہدایت کے موافق باتیں فرمائیں اور ان باتوں کو قرآن نے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

**شکر کا مسلک** حضرت لقمان کو جو حکمت اللہ تعالیٰ نے دی تھی اور جس کے تحت وہ اپنے فرزند کو تلقین کرتے ہیں وہ یہ ہے " اَنِ اشْكُرْ لِلّٰهِ " (آیت ۱۲) یعنی خدا کا حق پہچانو! احسان شناسی کی روش اختیار کرو۔ اسلام نے خدا کا جو تصور دلایا ہے وہ بنیادی طور سے ایک رحیم شفیق اور وُدود ہستی کا تصور ہے۔ " رَحْمَتِیْ وَسِعَتْ كُلَّ شَیْءٍ " اس کا قہر و غضب اس کی صفتِ عدل کی وجہ سے ہے اور اس کی صفتِ عدل خود صفتِ رحمت ہی کی مظہر ہے۔ چنانچہ قرآن کا ایک بڑا حصہ یہی احساس دلانے کے لیے وقف ہے کہ انسان پر خدا کے احسانات و انعامات کس درجہ وسیع ہیں۔ احسان اور رحمت کا حق یہ ہے کہ شکر کا رویہ پیدا ہو۔ ہمارے دین میں تعلق باللہ کی اساس فی الحقیقت جذبۂ شکر پر ہے۔ تقویٰ اور خشیت شکر کے ساتھ ایک لازمی پہلو کی حیثیت سے ہے۔ نعمت اور رحمت کا شعور جہاں شکر کا جذبہ ابھارتا ہے وہاں اس کے چھن جانے کا اندیشہ بیم و خشیت بھی پیدا کرتا ہے۔

بندوں کے شکر کی خدا کو کوئی احتیاج نہیں کہ اس کے بغیر اس کے کام اٹکے جاتے ہوں۔ خدا کے سامنے شکر کی روش کا اختیار کرنا خود ہمارے اپنے احسان کیش بننے اور اپنی زندگیاں سنوارنے کے لیے ضروری ہے۔ جو شخص خدا کے اَن گنت احسانات سے استفادہ کر کے اس کی عنایات کا احساس نہیں کرتا، ایسا احسان فراموش زندگی کی صحیح تعمیر کے لیے پھر کوئی بنیاد بھی نہیں پا سکتا۔ اس لیے حق تعالیٰ نے فرمادیا کہ وَمَنْ يَّشْكُرْ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ (آیت ۱۲) جو کوئی خدا کا حق پہچانے گا اس کا یہ رویۂ احسان شناسی خود اسی کی ذات کے لیے نفع بخش ہے۔ بہرحال محسن بننے کے لیے نقطۂ آغاز جذبۂ شکر ہے۔

شکر کی روش کی ضد کفر ہے۔ واضح کر دیا گیا کہ جو کوئی شکر کی راہ کو چھوڑ کر کفر کی روش اختیار کرے تو اس کا وبال بھی خود اسی کو بھگتنا ہے، اللہ تو غنی و حمید ہے اور اسے نہ کسی کے شکر کی

---

ص۔ قبولیت دی۔ خدا نے یہ فرما کر ان پر مہرِ توثیق ثبت کر دی کہ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ (آیت ۱۲) حضرت لقمان نے خدا کی سکھائی ہوئی حکمت کے تحت گفتگو فرمائی۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

احتیاج ہے، نہ کسی کے کفر سے کوئی اندیشہ۔

معلوم ہوا ہے کہ اسلامی نظام تعلیم کا کام یہ ہے کہ وہ ایک ایک فرد کو یہ پیغام دے کہ "اَنِ اشْکُرْ لِلّٰہِ"!

**انعاماتِ الٰہی کا شعور** شکر کا جذبہ انعامات، احسانات اور عنایات کے شعور سے پیدا ہوتا ہے۔ اس سورہ میں یہ شعور دلانے کا اہتمام بھی ہے۔ دعوت دی گئی ہے کہ بے شمار ظاہری اور باطنی نعمتیں تقاضا کرتی ہیں کہ ان پر غور و فکر کرو۔ فرمایا:

—— اس نے زمین و آسمان کو ستونوں کے بغیر کھڑا کیا جیسے کہ تم دیکھتے ہو اور زمین پر ایسے بوجھ جما دیئے کہ تمہیں لیے ہوئے (اپنی گردش میں) کسی طرف ڈھلک نہ جائے اور اس میں سب طرح کے جانور پھیلا دیئے اور آسمان سے بارش برسانے کا نظم مقرر کیا اور پھر اس کے ذریعے سے نباتات کے نہایت ہی خوب خوب جوڑے ہر طرح کے اگائے۔ (آیت ۱۰)

—— کیا یہ لوگ غور نہیں کرتے کہ سب کچھ جو کچھ زمین و آسمان میں ہے اسے اللہ نے تمہاری نفع رسانی میں لگا رکھا ہے اور تم پر ظاہری اور باطنی نعمتوں کی بوچھاڑ کر دی ہے۔ (آیت ۲۰)

—— کیا تو نے غور نہیں کیا کہ خدا تعالیٰ رات کو دن میں سے اور دن کو رات میں سے پرو کر نکالتا ہے ...... الخ" (آیت ۲۹)

—— کیا تو نے غور نہیں کیا کہ سمندر میں اللہ کی نعمت کے ساتھ کشتی چلتی ہے (آیت ۳۱) .... اور جب اس کے مسافروں کے سروں پر کوئی لہر مثلِ ابر کی طرح چھا جاتی ہے تو (مصیبت میں گھر کر) وہ اللہ کو پکارتے ہیں —— اس کے لیے جذبہ عبودیت کو خالص کر کے! .... (آیت ۳۲)

یعنی چاروں طرف سے خدا کی نعمتیں امڈی پڑ رہی ہیں۔ ایک وسیع خوان بچھ رہا ہے۔ قدرت کے اس ماحول میں ایک حقیقت پسند اور حق شناس انسان کے اندر لازماً جذبۂ شکر ابھرنا چاہیے۔ نظامِ تعلیم کا یہ فرض ہے کہ وہ اس ماحول سے اس طرح طلبہ کو روشناس کرائے کہ انہیں خدا کے احسانات و انعامات کا شعور حاصل ہو اور عبدیت کے احساس کے ساتھ ان میں شکر کا جذبہ ابھرے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہمیں سائنس، جغرافیہ، تاریخ، ہیئت اور دوسرے تمام مادی و طبعی علوم کی تعلیم اس طرح دینی چاہیے کہ خدا پرستانہ شعور اس میں سمو دیا گیا ہو۔ ہر تجربہ، مشاہدہ، انکشاف، ایجاد و اختراع اور عمل تسخیر ہمارے اندر خدا کے شکر کی اکساہٹ پیدا کرے۔ حضورؐ کا یہ معمول تھا کہ سواری پر بیٹھتے تو جذبۂ شکر کے ساتھ خدا کی حمد کرتے اور اپنے عجز کا اقرار! (سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا ...) ٹھیک اسی طرح ہمارے سائنس دان جب کسی رازِ فطرت کو سمجھ لیں، ہمارے موجد جب کوئی چیز ایجاد کریں، ہمارے کاریگر جب کسی مشین سے کام لیں اور ہمارے سپاہی جب کسی اسلحہ کو ہاتھ میں لیں تو ان کی روحیں "سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ" پکار اٹھیں۔ اسی خدا پرستانہ جذبۂ شکر کے فقدان نے مغربی تمدن کو مادہ پرستی میں اتنا بہکا دیا ہے کہ قدرت کے عطیات رحمت ہونے کے بجائے عذاب بن گئے ہیں۔ ہمارے نظامِ تعلیم کو اس اندھی مادہ پرستی سے انسانیت کو بچانا ہے۔

لوگوں نے اس طرح کی آیات سے عموماً یہ بات ثابت کرنے کی کوشش تو کی ہے کہ قرآن سائنس اور دوسرے علوم حاصل کرنے کی تلقین کرتا ہے۔ مگر ہمارے جدید طبقے نے یہ کاوش نہیں کی کہ وہ کس اسپرٹ کے ساتھ اور کس نقطۂ نظر کے ساتھ علوم کی تحصیل و اشاعت چاہتا ہے۔ قرآن کا اوّلین منشا یہ ہے کہ خدا اور اس کی صفات اور اس کے حقوق کی معرفت، اس کے احسانات و عنایات کا شعور اور جذبۂ شکر و سپاس کا سرمایہ مطالعہ انفس و آفاق سے حاصل کیا جائے اور کسی بھی علم کے دائرے میں کوئی قدم آگے بڑھاتے ہوئے ایمان باللہ کو مشعل راہ کی حیثیت دینی چاہیے۔ ورنہ تمام علوم غلط رخ پر ڈھل جائیں گے اور ان سے جو عمل پیدا ہوگا وہ بھی فاسد ہوگا۔

اوپر جن آیات کا حوالہ دیا گیا ہے ان کو اور ان کی بے شمار ہم مقصد آیات کو آپ دیکھیے ان سب کا منشا یہ شعور دلانا ہے کہ یہ کائنات اگر کوئی نظم رکھتی ہے، اس کے عناصر اگر تمہارے لیے سازگاری رکھتے ہیں، اس کے قوانین اگر تمہارے لیے تسخیر کی راہیں کھولتے ہیں تو یہ نظامِ فطرت یونہی از خود ایسے نہیں بن گیا، کسی بنانے والے نے حکمت کے ساتھ اسے ایسا بنایا ہے اور تمہیں پیشِ نظر



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

رکھا ہے۔ ہمارے علوم کو بھی اسی شعور کی راہ پر جانا چاہیے اور ہمارے نظامِ تعلیم کو بھی یہی مقصد سامنے رکھنا چاہیے۔

اس نکتہ معنی کو ہم آیت ۳۲ میں بہت ہی واضح طور پر دیکھ سکتے ہیں۔ یہاں انسان کے عالمِ نفسیات سے ایک کیفیت پیش کر کے عبرت دلائی گئی ہے۔ انسان جہاں اس کائنات کی وسیع نعمتوں سے بہرہ اندوز ہوتا ہے۔ وہاں اس کی مہیب قوتوں کے سامنے وہ اپنے آپ کو انتہائی بے بس بھی پاتا ہے۔ یہ بے بسی اسے ایک ایسے روحانی سہارے کا محتاج بناتی ہے جو تدابیر کی بازی ہر جانے کے بعد بھی قائم رہے۔ سمندر کی موجیں بھی ایک ایسی قوت ہیں کہ جب کبھی انسان ان کی زد پر آتا ہے تو سارے سہارے کھو بیٹھنے کے بعد خدا کی طرف بڑے سچے والہانہ جذبے سے رجوع کرتا ہے۔ آج بھی جب جہاز تباہی کے طوفان میں گھر جاتے ہیں تو جدید الحاد پسند انسان بھی خدا کو یاد کرتا ہے۔ اور بارہا خدا اپنے بے بس بندوں کی دکھ بھری فریادیں سن کر ان کو بچا نکالتا ہے۔ لیکن بچ نکلنے کے بعد کم ہی ہیں جو راہِ حق پر "مقتصد" بن کے چلتے رہیں، بقیہ پھر جحود میں پڑ جاتے ہیں۔ بلاشبہ یہ علم النفس کا ایک باب ہے مگر اپنی ایک خاص غایت کے ساتھ۔ اسی غایت کو سامنے رکھ کر نفسیات کا علم مدوّن کرنے کی، نفسیات کا تعلیمی نقشہ بنانے کی اور نفسیات کا نصاب ترتیب دینے کی ضرورت ہے۔ اس غایت — عبرت اندوزی اور خدا شناسی — کو مقصود بنائے بغیر نفسیات کا علم مدون کرنا یا اس کا سلسلۂ تعلیم و تعلّم جاری رکھنا اسلامی نقطۂ نظر سے قطعاً بے سود بلکہ اُلٹا مضر ہے۔

اسلامی نظامِ تعلیم کی اوّلین غایت خدا اور اس کی صفات اور اس کے حقوق کی معرفت دینا ہے۔ وہ خدا جس کا مقام یہ ہے کہ :

—— اللہ ہی ہے جو قیامت (کی گھڑی) کا علم رکھتا ہے۔

—— وہی ہے جو مینہ برساتا ہے۔

—— وہی ہے جو یہ جانتا ہے کہ رحموں کے پردے میں کیا کچھ ہے۔ (آیت ۳۴)

اور اس کے بالمقابل انسان — عقل کے اس پتلے — کا حال یہ ہے کہ :-

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

— کسی جان کو نہیں معلوم کہ کل وہ کیا کرے گی۔

— کسی جان کو نہیں معلوم کہ وہ زمین کے کس حصے میں دم توڑے گی۔ (آیت ۳۴)

کائنات اور زندگی کے سارے احوال کا مکمل علم صرف اللہ کو ہے۔ اِنَّ اللّٰہَ عَلِیْمٌ خَبِیْرٌ۔

یہ ہے وہ مزاج جس سے ہمارے نظامِ تعلیم کو آراستہ ہونا چاہیے۔ اس نقطۂ نظر سے معلومات مرتب ہونی چاہییں اور پھر بعد کی نسلوں کی طرف منتقل ہونی چاہییں۔

**کلماتِ الٰہی کا فہم** | اسی سورہ میں آتا ہے کہ اگر زمین کے سارے کے سارے درختوں سے مبیّنہ قلم بنا لیے جائیں اور ساتوں سمندر روشنائی میں بدل لیے جائیں اور لکھنے کے اس سامان کے ساتھ "کلمات اللہ" — یعنی خدا کی نعمتوں، اس کی قدرتوں، اس کی آیتوں، قوانین و نوامیس، اس کے احکام اور فیصلوں، اس کی مخلوقات کے احوال کو قلمبند کیا جانے لگے تو روشنائی کے سمندر ختم ہو جائیں گے اور قلم گھس گھس کر نابود ہو جائیں گے مگر خدا کے کلمات احاطۂ تحریر میں نہ آسکیں گے۔ ذکر تو اس کے مقامِ عظمت، اس کی قدرت کی لامحدود وسعتوں اور اس کی بے پایاں تخلیقات کا ہے لیکن ایک واضح اشارہ یہاں یہ ہے کہ اصل کاوش کا میدان انسان کے لیے یہی ہے کہ وہ کلماتِ الٰہی سے اپنا دامنِ علم و ایمان بھرتا رہے۔ افراد اور قومیں اور نسلیں اپنی محنتیں اس مقصد پر کھپاتی چلی جائیں ۔

"کیا اور جہاں میں رکھا ہے، اُس جانِ جہاں کی بات کریں"

اسلامی نظامِ تعلیم کا فرض یہی ہے کہ وہ اپنے زیرِ اثر ذہنوں میں تحریک پیدا کرے کہ وہ مطالعۂ آفاق و انفس کریں تو اس مقصد سے کریں کہ کلماتِ الٰہی کی جستجو کرنی ہے، اُن کو سمجھنا ہے اور ان سے روشنی اور قوت حاصل کرنی ہے۔

**خشیت** | ہم پہلے کہہ چکے ہیں کہ شکر دین کا اگر ایک پہلو ہے تو دوسرا لازمی پہلو خشیت ہے۔ احسان کی قدر از خود احسان کے چھن جانے کا اندیشہ پیدا کرتی ہے۔ سو جہاں خدا کی رحمت کے لیے تمنائے بے تاب موجود رہنی چاہیے وہاں رحمت سے محرومی کی فکر بھی کارفرما ہونی چاہیے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

آدمی رحمت الٰہی کے نشے میں پڑ کر بعض اوقات اپنی ذمہ داریاں بھول جاتا ہے اور جب یکایک قہر کی بدلیاں چمکتی دیکھتا ہے تو حواس کھو بیٹھتا ہے۔ وَإِذَا أَنْعَمْنَا عَلَى الْإِنْسَانِ أَعْرَضَ وَنَأَىٰ بِجَانِبِهِ وَإِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ كَانَ يَئُوسًا۔ پس خشیت کا جذبہ ایک پاسبان جذبہ ہے۔ اور یہ آدمی کو محتاط اور چوکنا رکھتا ہے۔ اسے برسر عمل لانے کے لیے آخرت کے محاسبے کا تصور دلایا گیا ہے۔ سورہ لقمان میں انتباہ دیا گیا ہے کہ:

— معاملات کا آخری فیصلہ اللہ کی بارگاہ میں ہوگا۔ (آیت ۲۲)

— اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو اور اندیشہ رکھو اس دن کا جس دن نہ کوئی باپ اپنے بیٹے کے کام آئے گا اور نہ بیٹا اپنے باپ کے لیے کچھ مفید ہو سکے گا۔ یقیناً خدا کا وعدہ سچا ہے، سو تم کو دنیوی زندگی دھوکے میں نہ ڈالنے پائے اور تم کو اللہ کے بارے میں وہ دغاباز (شیطان) کسی فریب میں مبتلا نہ کر دے۔ (آیت ۳۳)

بہت سے مغالطے صاف کرنے کے لیے یہ بھی بتا دیا کہ لاکھوں انسانوں کو دوبارہ اٹھا کھڑا کرنے میں خدا کو کوئی مشکل درپیش نہیں ہے:

— تم سب کو بنانا اور تم سب کو دوبارہ اٹھا کھڑا کرنا اللہ تعالیٰ کے لیے بس ویسا ہی ہے جیسے کسی ایک فرد کا! (آیت ۲۸)

اور حضرت لقمان بھی اپنے فرزند کو خدا کی مضبوط گرفت سے یوں آگاہ کرتے ہیں کہ:

— اے میرے بیٹے! اگر رائی برابر بھی کوئی چیز کسی پتھر کے اندر ہو یا آسمانوں میں یا زمین میں (کہیں)، ہو تو اللہ (جب چاہیے) اسے لا حاضر کرے۔ (آیت ۱۶)

اسلامی زندگی خدا کے محاسبے اور خدا کی گرفت کا خوف رکھے بغیر نہیں بنتی۔ اسلام کا انسانِ مطلوب وہی ہے جو محاسبۂ آخرت کو ذہن میں رکھ کر سوچتا، زبان کھولتا اور عملی سرگرمیاں جاری رکھتا ہے۔ وہ ادنیٰ ادنیٰ وقتی مفادات کے بجائے خدا کی رضا جیسا اونچا نصب العین سامنے رکھتا ہے۔

اسلامی نظامِ تعلیم پر بھی واجب آتا ہے کہ وہ اس خشیت سے دلوں کو آراستہ کرے۔ محاسبۂ


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



آخرت کا احساس تازہ کرے اور رضائے الٰہی پر نگاہوں کو مرتکز کرا دے۔ حکمت اور نیکی کے لیے یہ خشیت ایک لازمی بنیاد ہے۔

**توحید** خدا کے احسانات کے جواب میں شکر اور احسان شناسی کا رویہ صرف توحید کو تسلیم کرنے ہی سے پیدا ہو سکتا ہے ورنہ اگر خدا کے عطیات سے استفادہ کر کے احساسِ شکر پورے کا پورا اس کے حضور پیش کرنے کے بجائے کچھ دوسری مفروضہ ہستیوں پر تقسیم کر دیا جائے تو جن کا حق واجب تھا اس کا حق تو ادا نہ ہوا اور جن کا حق کچھ بھی نہ تھا ان تک بے جا طور پر جا پہنچا۔ حضرت لقمان اپنے فرزند کو تعلیم دیتے ہیں کہ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ ۚ إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيمٌ (آیت ۱۳) ظلم کہتے ہیں حق ماری کو۔ یہ خدا کی حق ماری ہے اور اس لیے بہت بڑی حق ماری ہے کہ اس کا کھا کر گن دوسروں کے گائے جائیں۔

پس اسلامی نظامِ تعلیم کی ذمہ داری ہے کہ وہ نئی نسلوں کو توحید پر جما دے اور ان کو اس سے روکے کہ وہ ذات میں، صفات میں، حقوق میں یا حاکمانہ اقتدار میں خدا کے ساتھ دوسروں کو شریک کریں۔ خدا کا کلی انکار بہ حیثیت مجموعی انسانیت نے شاید کبھی بھی نہیں کیا، نہ آج کا انسان تصورِ خدا سے ذہن کو خالی کر سکا ہے مصیبت یہی رہی ہے کہ کسی نہ کسی نوع کا شرک اولادِ آدم کو لے ڈوبا ہے کسی نے ذات میں شرک کیا، کسی نے صفات میں۔ کسی نے عبادات میں سے دوسروں کو حصہ دیا، کسی نے استعانت دوسری بارگاہوں سے کی اور کسی نے طاعت کے لیے دوسرے اقتدار سامنے رکھ لیے۔ اسلام نے عبادت استعانت اور طاعت کے تینوں پہلوؤں سے انسان کو توحید پر جمایا ہے۔ اسلامی نظامِ تعلیم بھی وہی ہو سکتا ہے جو انسانیت کو یہی درسِ توحید دے۔

**سماجی روابط کی درستی** خدا کے احسانات کے شعور سے جس دل میں شکر و سپاس کا جذبہ پیدا ہوتا ہے وہ انسانوں کے احسانات کا بھی بہترین قدردان ثابت ہوتا ہے۔ اور انسانوں میں سب سے بڑھ کر احسان والدین کا ہے اور ان میں سے بھی والدہ کا احسان بہت بڑا ہے۔ چنانچہ حضرت لقمان اپنے بچے کو دوسری نصیحت والدین سے حسنِ سلوک کی کرتے ہیں۔ وہ خدا کا مطالبہ یوں بیان کرتے ہیں کہ:

"میرا شکر ادا کر اور (میرے بعد) اپنے والدین کا بھی!" (آیت ۱۴)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سماجی رابطوں میں دینِ حق نے والدین کو اولین مقام دیا ہے۔ خدا کے عظیم حق کے بعد جو شخص والدین کے حق کو بھی پہچان لیتا ہے، پھر وہ دوسرے تمام رابطوں کے حقوق کا احساس کرنے کے قابل ہو جاتا ہے پھر اس کے کردار میں یہ جذبۂ احسان شناسی اس اصل الاصول کی حیثیت سے پیوست ہو جاتا ہے کہ مجھے ہر بھلائی کا جواب بھلائی سے دینا ہے۔ مجھے جس سے فائدہ اٹھانا ہے اس کو فائدہ پہنچانا بھی ہے جس سے میں کچھ لیتا ہوں اسے دینا بھی ہے۔ گھر، خاندان، معاشرہ اور اس کے ادارات حکومت قوم اور انسانیت سبھی سے آدمی کو بے شمار فائدے پہنچتے ہیں اور اگر وہ احسان شناس ہو تو وہ ہر استفادہ کے جواب میں کوئی نہ کوئی خدمت پیش کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ والدین کا جس نے حق پہچانا، پھر وہ خاندان اور ذوی القربیٰ اور پڑوسیوں اور افسروں اور ماتحتوں، بلکہ جانوروں تک کے حقوق کا احساس کرنے لگتا ہے۔ اسلامی نقطۂ نظر سے تمام سماجی روابط کی درستی کا دارومدار والدین کا حق پہچاننے پر ہے۔

لیکن والدین کی طاعت و خدمت خدا کی عبادت و اطاعت سے نچلے مرتبہ پر ہے مقدم خدا کا حق ہے خدا کا حق مار کر اگر والدین کا حق ادا کیا جائے تو شرک کی راہ کھل گئی۔ اس وجہ سے یہ وضاحت بھی کی گئی کہ وَاِنْ جَاهَدَاكَ عَلٰٓى اَنْ تُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا (آیت ۱۵) یعنی اگر والدین تم کو خدا کے ساتھ کسی اور کو شریک بنانے کے لیے مجبور کریں جو تمہارے علم و ایمان میں نہیں ہے تو ایسی صورت میں ان کی غلط بات کی اطاعت نہ کرو

یعنی والدین کی اطاعت اور اصولاً انسانی تعلقات کے تمدنی دائرے میں ہر دوسری اطاعت خدا کی اطاعت کی حدوں کے اندر کی جاسکتی ہے ان حدوں کو توڑ کر نہیں۔ جو اطاعت سب سے بڑی اطاعت کی حدوں کو پھاندنا چاہے وہ ترک کر دی جائے گی۔ والدین کے کہنے سے شرک کی روش اختیار نہیں کی جاسکتی، ان کے ایسے حکم سے انکار لازم ہے۔ البتہ اس حالت میں بھی ان کا پاس ادب رہے گا۔ چاہا گیا ہے کہ "وَصَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا مَعْرُوْفًا" یعنی اس اصولی اختلاف کے باوجود ان سے دنیوی تعلقات خوش اسلوبی سے نبھاؤ۔ یہاں سے ضمناً یہ رہنمائی بھی ملتی ہے کہ سماجی رابطے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



—حکمراں سے، والدین اور اقربا سے، کاروباری شرکا سے، دفتری افسروں سے —ایمان و مسلک کے شدید اور واضح اختلافات کے باوجود خوش اسلوبی سے نبھائے جاسکتے ہیں۔ اور ان رابطوں کا قائم رہنا اس لیے ضروری ہوتا ہے کہ دعوتِ حق پہنچانے کے دروازے بند نہ ہو جائیں۔

ساتھ ہی پھر تاکید کی کہ " وَاتَّبِعْ سَبِيْلَ مَنْ اَنَابَ اِلَیَّ " (آیت ۱۵)۔ زندگی میں پیروی کرو تو صرف ایسے ہی رہنماؤں کی جو خداوند تعالیٰ کی طرف رجوع رکھنے والے ہوں۔ زندگی کے اصول واقدار انہیں سے لو۔ یہاں اشارہ یہ بھی ہے کہ اسلامی معاشرہ میں سیاسی اور ذہنی قیادت کے مناصب ایسے افراد کو سونپے جائیں جن کی زندگیاں رجوع الی اللہ کی آئینہ دار ہوں۔ گویا معیارِ انتخاب بھی معین ہو گیا۔ علاوہ ازیں یہ اشارہ بھی یہاں سے اخذ ہوتا ہے کہ ہمیں درسگاہوں کے معلمین بھی ایسے ہی لینے چاہییں جو رجوع الی اللہ کی صفت سے متصف ہوں، کیونکہ طلبہ ان کے اتباع میں چلیں گے۔

اس ہدایت کی روشنی میں ایک اسلامی نظامِ تعلیم کو ان امور کی تربیت دینی چاہیے۔

— خدا کی اطاعت کے تحت سب سے بڑھ کر والدین کی اطاعت، اور پھر درجہ بدرجہ دوسرے تمام روابط کے حقوق کو پورا کرنا۔

— خدا کی اطاعت سے اگر والدین یا کسی دوسرے کا حکم ٹکرائے تو اسے قبول سے انکار کرنا۔

— اعتقاد و مسلک کے اختلاف کے باوجود جائز دنیوی معاملات کی حد تک سماجی رابطوں کو نبھانا۔

— زندگی کے سفر میں صرف ایسے عناصر کی رہنمائی قبول کرنا جو خدا کی طرف رجوع دلانے والے ہوں۔

ان نکات پر ہماری سوکس (Civics) کی ترتیب ہونی چاہیے۔

**امر بالمعروف اور نہی عن المنکر** | حضرت لقمان مزید فرماتے ہیں کہ اے بیٹے:-

— نماز قائم کرو

— معروف کا حکم دو اور منکر سے روکو



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



آیت ۱۷

ـــــ اور اس جدوجہد میں) جو جو کچھ بھی پیش آئے اسے حوصلہ مندی سے برداشت کرو!
اور آخر میں یہ بھی کہتے ہیں کہ یہ ہمت کے کام ہیں۔ درحقیقت دین کا بہت ہی بڑا تقاضا یہ ہے
جو یہاں بیان ہوا ہے۔ اسلام اپنے انسانِ مطلوب کو اس مقصد کے لیے اٹھانا چاہتا ہے کہ وہ تمدن
کے پورے دائرے میں منکر کا سدِباب کرے اور معروف کا سکہ چلانے کی جدوجہد کرے۔ اسے
نیکی کا نظام قائم کرنا ہے اور بدی کی جڑ کاٹنی ہے۔ وہ حق کا سپاہی ہے اور باطل کے خلاف جہاد میں
اسے ساری قوتیں کھپانی ہیں۔ خیالات، نظریات، اخلاق، رسوم، قانون، معاشیات، کاروبارِ سیاست
بین الاقوامی مسائل کے بے شمار دوائر میں جہاں جہاں بھی اسے قانونِ الٰہی اور فطرتِ انسانی اور عقلِ
سلیم کے خلاف کوئی منکر دکھائی دے اس کی ذمہ داری ہے کہ اسے ختم کرنے اور لوگوں کو اس سے باز رکھنے
کی کوشش کرے۔ دوسری طرف قانونِ الٰہی، بے آمیز فطرتِ انسانی اور عقلِ سلیم جن امور کا تقاضا کرتی
ہے ان کو نافذ کرنے کے لیے زور لگائے۔ اس کا فرض ہے کہ وہ غیر اسلامی نظام اور ماحول میں تبدیلی
لائے، انقلاب پیدا کرے۔

یہ تو ظاہر ہے کہ کوئی بھی تبدیلی تکلیف اٹھائے بغیر اور قربانیاں دیئے بغیر اور مزاحمتوں کا
سامنا کیے بغیر نہیں لائی جاسکتی۔ بدی کا زور توڑنے اور نیکی کا راج قائم کرنے کے لیے جو جہاد لازم آتا
ہے وہ کوئی کھیل تو ہے نہیں۔ اس لیے انتباہ دیا گیا ہے کہ اس مہم میں جو جو کچھ مزاحمتیں اور مصیبتیں
پیش آئیں ان کو حوصلہ سے سہارو!

ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ کہہ کر توجہ دلائی کہ یہ ہے بلند ہمت لوگوں کے کرنے کا کام! یہ ہے
عظیم الشان معرکہ جس کے لیے بازیاں لگائی جانی چاہئیں۔ یہ ہے نصب العین جس کے لیے جانیں
لڑانا مردوں کے شایانِ شان ہوسکتا ہے۔ نوکری اور کاروبار اور عہدے اور ادنیٰ ادنیٰ خواہشات پر
مرتے رہنا اہلِ دل کا کام نہیں۔

نماز قائم کرنے کی تلقین یہاں یوں مناسب تھی کہ خدا سے شکر کا تعلق قائم رکھنا تو اس کے بغیر ممکن
ہے ہی نہیں، لیکن آگے جو مردآزما مہم سونپی جارہی ہے اس کا ایک ایک قدم اٹھانے کے لیے نماز سے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


مدد لینے کی ضرورت ہے نماز ہی خدا سے تعلق کا ذریعہ ہے اور نماز ہی انسانی دائرہ میں اسلئے فرض کے لیے ضروری ہے۔ نماز خدا کے حضور شکر کا اظہار ہے اور بندوں کے مقابلے میں صبر آموز اور ہمت افزا۔

اب یہ بات خود ہی واضح ہو جاتی ہے کہ اسلامی تعلیم کو کیا نصب العین سامنے رکھنا چاہیے اور کس مقصد کے لیے نئی نسلوں کو تیار کرنا چاہیے۔ صحیح تعلیم وہ ہے جو ایک طرف بجائے خود امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرے، معروف و منکر کا فہم دلائے اور معروف کو قائم کرنے اور منکر سے روکنے کے جہاد کا انقلابی جذبہ ودیعت کرے پھر ہماری تعلیم گاہوں میں تربیت کا ایسا ماحول ہونا چاہیے جو طلبہ کو اقامتِ صلوٰۃ پر آمادہ کر سکے۔ وہ ان کو صبر و ہمت اور حوصلہ و عزم سے آراستہ کرکے نکالے۔

**روشِ کبر سے اجتناب** خدا کے لیے جذبۂ شکر عبودیت کی جس راہ پر لے جاتا ہے اس میں کبر و رعونت کا کوئی مقام نہیں آسکتا۔ مسلکِ شکر اور مسلکِ کبر میں کامل منافات ہے۔ حضرت لقمان بچے کو تاکید کرتے ہیں کہ:

— لوگوں کے مقابلے پر اپنے گال نہ پھلاؤ۔

— اور زمین میں گھمنڈ کی چال نہ چلو

— خدا کسی شیخی باز غلط کار کو پسند نہیں کرتا۔ (آیت ۱۸)

خدا پرستی کا تقاضا یہ ہے کہ آدمی دوسرے انسانوں کے لیے مساویانہ مرتبے کا احساس کرے کیونکہ سب ایک ہی خالق کی مخلوق اور ایک ہی اللہ کے بندے ہیں۔ دوسروں کے مقابلے میں فخر و غرور، اکڑفوں اور ان کی تحقیر کے لیے اسلامی زندگی میں گنجائش نہیں جس شخص میں رتی بھر کبر بھی ہوگا وہ اخروی کامرانی حاصل نہ کر سکے گا اور نہ وہ اس ارضی زندگی میں احسان کیش بن کر حیاتِ طیبہ سے بہرہ مند ہو سکتا ہے۔ غرورِ مال، غرورِ حسن، غرورِ صحت، غرورِ نسل، غرورِ وطن، غرورِ آباء، غرورِ اولاد، غرورِ علم اور غرورِ اقتدار کے تمام دروازے یہاں بند ہیں۔ نہ انفرادی کبر کی رخصت ہے، نہ طبقاتی اور نہ جماعتی فخر کی انسانی معاشرے کے فساد کی شاید سب سے وسیع الاثر بنیاد یہی ہے کہ کوئی فرد، کوئی خاندان، کوئی نسل، کوئی طبقہ یا کوئی جتھا اپنے متعلق یہ سوچتا ہے کہ میں بڑا ہوں اور دوسرے چھوٹے ہیں، میرے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

حقوق زیادہ ہیں، میرے مفادات اہم تر ہیں اور مجھے ترجیح حاصل ہے۔ پھر جس کا داؤں چل جاتا ہے وہ اقتدار، قانون، روایات، معاشی تسلط، ذہنی تفوق، طبقاتی بالادستی کے زور سے زندگی کے توازن کو غارت کر دیتا ہے۔ جواباً دوسروں میں بھی ایسا ہی مقام حاصل کرنے کے لیے بے چینی پیدا ہوتی ہے اور پھر رسہ کشی ہونے لگتی ہے۔

کبر ہی کے تحت ماضی کے کچھ سرپھرے انسانوں نے خدائی کے دعوے کیے، کبر ہی کے تحت چنگیزوں اور ہلاکوؤں نے مدنیت کو پیروں تلے روندا، کبر ہی کے تحت ہٹلر اور مسولینی کی آمریت ابھری اور کبر ہی کے تحت آدمی آدمیوں کے خلاف گھناؤنے جرائم کا مرتکب ہوتا ہے۔

اسلام انسانوں کے لیے مساوات کی تعلیم دیتا ہے اور ہماری درسگاہوں کو بھی طلبہ کے اندر یہی روح پھونکنی چاہیے۔ نظامِ تعلیم نئی نسلوں کو تلقین کرے کہ وہ انسانیت کے سامنے گال پھلاتے اور تیوری چڑھاتے ہوئے نہ آئیں اور زمین پر متکبرانہ روش کے ساتھ زندگی نہ گزاریں۔ ان کو مختالِ فخور نہیں بننا چاہیے۔

**علمِ حق کی مشعل** | اس سورۃ تعلیمات میں ایک بیش قیمت نکتہ یہ بھی سکھایا گیا ہے کہ آدمی کو جادۂ ہستی پر ہر قدم علم — یعنی علمِ حق — کی روشنی میں بڑھانا چاہیے۔ جہالت کی اندھیاریوں میں کوئی قدم نہ رکھنا چاہیے۔

آیت ۶ میں اس فاسد کردار کو بیان کیا جو لہو الحدیث کے ذریعے مسافرانِ حیات کو اللہ کے راستے سے بھٹکاتا ہے اور یہ کارنامہ وہ بغیرِ علم سرانجام دیتا ہے۔

آیت ۱۵ میں حضرت لقمان کی نصیحت میں شرک سے منع کرتے ہوئے "مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ" کے الفاظ آئے ہیں۔ یعنی جب تک تمہیں واضح طور پہ علم نہ ہو کہ خدا کا کوئی ساجھی ہے — تم نے دیکھا ہو، یا دلیل قطعی سے جانا ہو، یا الہامی رہنمائی سے معلوم کیا ہو — تو تمہارا یہ کام نہیں کہ محض والدین کے کہنے یا کسی اور کے زور ڈالنے سے ایک نامعلوم بات کو واقعہ تسلیم کر لو۔

آیت ۲۰ میں ایک فاسد کردار کا ذکر ہے جو اللہ کے بارے میں، اور اس کے دین کے بارے میں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


بغیر کسی علم کے بحثا بحثی کرتے ہیں، مختلف دعوے پیش کرتے ہیں، حقیقتوں کی تردید کرتے ہیں۔ ان کو کوئی یقینی ہدایت حاصل نہیں ہوتی اور ان کے پاس کسی ثابت شدہ اور غیر محرف الہامی نوشتے کی سند نہیں ہوتی۔ علم کے بغیر جو لوگ ٹامک ٹوئیے مارنے کے عادی ہو جاتے ہیں ان کو جب اللہ کے نازل کردہ ہدایت نامہ کی طرف دعوت دی جاتی ہے تو وہ اس بنیاد پر اسے قبول نہیں کرتے کہ ہم تو اسی روش پر چلیں گے جس پر ہمارے باپ دادا چلتے آتے ہیں۔ ان کی اس جاہلانہ ذہنیت کو خود ان پر نمایاں کرنے کے لیے یہ استفہامی اشارہ فرما دیا کہ اَوَلَوْ كَانَ الشَّيْطٰنُ يَدْعُوْهُمْ اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ؟ (آیت ۲۱) — یعنی یہ بھی سوچا ہوتا کہ کیا ہو گا نتیجہ اگر تمہارے باپ دادوں کو یا خود تم کو شیطان جہنم کے عذاب کی طرف لیے جا رہا ہو۔

ان آیات کی مدد سے سمجھا سکتا ہے کہ اسلامی نظام تعلیم کی ذمہ داری یہ ہے کہ وہ نئی نسلوں کو واضح قسم کے علم حقائق — جو ثابت شدہ الہامی ہدایت پر مبنی ہو یا مشاہدہ و تجربہ کا یقینی حاصل — کی روشنی میں سوچنے اور کلام کرنے اور عملی روش اختیار کرنے کی تربیت دے۔ عالم افکار ہو یا عالم کردار، ہمارے نظام تعلیم کے تربیت یافتہ ضمیر انسان کو علم کی روشنی کے بغیر ظن و تخمین کے اندھیروں میں گامزن نہ ہونے دیں۔ اندھی آبا پرستی اور قوم پرستی اور ہر قسم کی "پرستی" اور چھوٹے تعصبات سے طلبہ کو بچایا جائے۔ وہ بڑی بڑی قوموں، جابر و ظالم حکمرانوں اور غلط ماحول سے متأثر ہو کر حقائق کی راہ سے ہٹ کر کچے قیاسات اور ادھورے نظریات کے سامنے مرعوبانہ اور مقلدانہ شان سے سر خم نہ کریں۔ ان پر حقائق اور نظریات کا فرق واضح ہونا چاہیئے۔ وہ قائل ہو جائیں کہ قیاسی نظریات پر اخلاق، کردار اور تمدن کی بنیاد ہرگز نہیں رکھی جا سکتی۔

**تہذیب و شائستگی** اوپر کے وسیع نکاتِ حکمت کے ساتھ ساتھ حضرت لقمان اپنے فرزند کو مہذب، صاف ستھرے اور سلیقہ مندانہ اطوار اختیار کرنے کی تعلیم بھی دیتے ہیں۔ وہ سکھاتے ہیں کہ:

— میانہ روی کی چال چلو

— اپنی آواز کو دھیما رکھو — کیونکہ گدھے کی آواز بہت بری آواز ہے (آیت ۱۹)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

یعنی چلو تو بہت باوقار طریقے سے چلو۔ نہ یوں کہ آدمی گھبرایا ہوا بھاگ رہا ہو اور نہ یوں کہ مریل طریق سے چل رہا ہو۔ ویسے وَاقْصِدْ فِیْ مَشْیِكَ کا ایک جامع مطلب یہ ہے کہ ہر معاملے میں اعتدال کا رنگ پیدا کرو۔ بولو تو دھیمی آواز سے بولو۔ گلا پھاڑ پھاڑ کر بولنے سے آدمی جانوروں سے مشابہت اختیار کرتا ہے۔ مزید تفصیلات قرآن میں بھی . . . . . . اور حدیث میں بھی بہت بڑے پیمانے پر مذکور ہیں۔

مطلب یہ ہوا کہ اسلامی زندگی چال ڈھال، گفتار رفتار، کھان پان جیسے امور میں اعتدال اور وقار اور سلیقہ و شائستگی کی متقاضی ہے۔ سو ہمارے نظامِ تعلیم کو یہ غایت بھی سامنے رکھنی چاہیے کہ وہ اچھے آداب و اطوار سے طلبہ کی روزمرہ زندگی کو آراستہ کرے۔ ان کو میانہ روی سکھائے اور انتہاپسندی سے روکے۔

مَیں نے سورۂ لقمان کو جس طرح سے سمجھا ہے اجمالاً مطالعہ کا ماحصل پیش کر دیا ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس سورۃ کے نکات اسلامی نظامِ تعلیم کی بنیادوں، اصولوں اور مقاصد کو بخوبی معین کر دیتے ہیں۔ ان نکات کی شرح و تفصیل کے لیے نہ صرف پورے قرآن سے استفادہ کرنا لازم ہے بلکہ حضورؐ نے عملاً ایک نظامِ تعلیم و تربیت چلا کر قرآن کی جو شرح پیش فرمائی ہے نیز زبان مبارک سے حکمتِ قرآنی کو جس طرح واضح کیا ہے اس سارے کارنامے کی مدد سے کر ہی ہم کسی تعلیمی خاکے میں صحیح رنگ بھر سکتے ہیں۔ مگر بنیادی خاکہ ہمیں سورۂ لقمان میں یک جا ملتا ہے۔

خدا کرے کہ یہ کاوش مبنی بر ہدایت ہو، پڑھنے والوں کے لیے باعثِ افادہ ہو، اللہ کے کچھ بندوں کے سینوں میں اسلامی نظامِ تعلیم کو عملاً پوری طرح کارفرما کرنے کا جذبہ بیدار ہو اور لکھنے والے کے لیے ذریعۂ مغفرت ٹھہرے۔

---


© rasailojaraid.com